© rasailojaraid.com



ساتھ اپنی اور تمام عالم اسلام کی دنیوی و اخروی کامیابی نیز دین اسلام کے غلبہ و سربلندی کے لئے دعائیں کر کے اللہ تعالیٰ کی رضا و خوشنودی کامل حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں اس مقصد کے پیش نظر حضرت مولانا غلام مصطفےٰ صاحب نے مناسک حج وعمرہ کے ادا کرنے کے طریقوں اور ضروری مسائل کے علاوہ علماء ربانیین کی زبدۃ عائیں مع سلیس ترجمہ مرتب فرمائی ہیں۔ نیز فقہ حنفی کی مستند اور معتبر کتب سے استفادہ کر کے زیارت مدینہ منورہ اور مناسک حج وعمرہ سے متعلقہ ضروری مسائل و احکام اور آداب اور مناسک کے ادا کرنے کے طریقے تحریر فرمائے ہیں۔ زبدۃ المناسک اور معلم الحجاج کے علاوہ جنایات و دیگر ملحقات کے مسائل و احکام کے بیان میں فقہ حنفی کی مشہور کتاب ہدایہ سے استفادہ کیا ہے۔

موصوف کی مناسک حج گویا حجاج و زائرین کرام کے لئے ایک گراں قدر علمی تحفہ مسائل و دعاؤں کا مجموعہ متوسط درجہ میں دونوں ضرورتوں کی جامع ہے۔ (ع ق ح)

**ماہنامہ الحسن** | مجلس ادارت ، مولانا فضل رحیم صاحب و مولانا محمد اکرم کاشمیری صفحات ۶۴ سالانہ چندہ ۴۰ روپے پتہ ۔ دفتر ماہنامہ الحسن ۔ جامعہ اشرفیہ ۔ فیروز پور روڈ لاہور ۔ نشر و اشاعت کے وسائل اور ذرائع ابلاغ میں جوں جوں ترقی ہو رہی ہے بے دینی باطل نظریات کا پرچار ، الحاد و دہریت ، مادیت و اشتراکیت اور خدا بیزار عقائد کی اشاعت بھی اسی رفتار سے آگے بڑھ رہی ہے ۔ اخبارات ، رسائل ، جرائد نشر و اشاعت کے ذرائع ، انسانی بھلائی و فلاح اور تعمیری کام کم اور تخریب و تشتت اور انتشار کا کام زیادہ اپنا رہے ہیں ۔ اہل علم کسی بھی دور میں زمانہ کے بدلتے ہوئے حالات سے بے خبر نہیں رہے ۔ الحمد للہ کہ آج کی ضرورت اور حالات کے تقاضوں کے مطابق پاکستان کی قدیم اور عظیم دینی درسگاہ جامعہ اشرفیہ لاہور کے کارپردازوں نے دین کی شمع اور ہدایت کا چراغ روشن رکھنے نیز الحاد و فساد اور باطل قوتوں کے سیاہ طوفانی ریلے کی یلغار کے سامنے اشاعتی اور تبلیغی و تحریری سطح پر ایک مضبوط بند باندھنے کی غرض سے الحسن کی صورت میں ایک ماہنامہ جاری کر دینے کا مستحسن اقدام کیا ہے چھ سے زائد پرچے شائع ہو چکے ہیں ۔ ادارتی تحریریں تفسیر و حدیث ، فقہ و قانون ، اصلاح معاشرہ ، مغربی افکار و تہذیب کا تعاقب ، باطل فرقوں کی سرکوبی ، نسل نو کا حساس ذمہ داری ، ملکی سیاست اور قومی و ملی تشخص کو برقرار رکھنے اور مسلمانوں کی شاندار ماضی ، روشن تاریخ ، ماضی کے کارنامے ، مستقبل کے عزائم اور لائحہ عمل ۔ غرض انسانی زندگی سے متعلق ہمہ پہلو معیاری مضامین کی اشاعت کے لحاظ سے الحسن قوم ، ملک و ملت اور دینی و علمی حلقوں کے لئے ایک گراں قدر سوغات ہے ادارہ الحق ماہنامہ الحسن کے کارپردازوں ، سرپرست ، مدیر اور ارکان ادارت کو ہدیہ تبریک پیش کرتا ہے اور اپنے قارئین سے اس کے مطالعہ اور اس سے استفادہ کی پر زور سفارش کرتا ہے ۔

(ع ۔ ق ۔ ح)



© rasailojaraid.com